CGPA
CENTRE FOR GOVERNANCE AND PUBLIC ACCOUNTABILITY

USAID
امریکی عوام کی طرف سے

عوام کو سرکاری خدمات کی تیز تر فراہمی مثالی طرزِ حکومت کی جانب ایک اور قدم!

خیبر پختونخواہ حقِ حصولِ خدمات کا قانون 2014

پاکستان کا آئین ہر شہری کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ انفرادی اور اجتماعی طور پر حکومت سے عوامی خدمات طلب کرے۔ حکومت اس بات کی پابند ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو خدمات شفاف اور موثر طریقے سے فراہم کرے۔ اِس کے ساتھ ساتھ ایک ایسا طریقہ کار بھی وضع کرے کہ جس سے عام شہری کی شکایات کا ازالہ ہوسکے۔ اسی آئینی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے خیبر پختونخواہ حکومت نے خیبر پختونخواہ حقِ حصولِ خدمات کے قانون 2014 کو نافذ کیا ہے۔ اِس قانون کے تحت شہری ضلعی سطح پر سرکاری اداروں سے عوامی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔

خیبر پختونخواہ حقِ حصولِ خدمات کے قانون 2014 کے اِہم نکات

ا۔شہریوں کی عوامی خدمات تک رسائی۔ ۲۔عوامی خدمات کا مقررہ مدت میں حصول کو یقینی بنانا۔ ۳۔عوامی خدمات کو شفاف طریقہ سے فراہم کرنا۔ ۴۔عوامی خدمات میں کسی بھی قسم کی کوتاہی کے مرتکب سرکاری اہلکار کا احتساب کرنا۵۔اگر ذمہ دار اہلکار مقررہ مدت کے اندر خدمت مہیا نہیں کر پاتا تو بصورتِ دیگر متاثرہ شہری تیس (30) دن کے اندر جائے اپیل/مجاز حکام (Appellate Authority) کو درخواست درج کرے گا۔ ۶۔جائے اپیل/مجاز حکام (Appelate Authority) شکایت جمع کرنے کی تاریخ سے لیکر تیس دن کے اندر درخواست پر عمل درآمد کرنے کا مجاز ہے۔

اِس قانون کے تحت ایک کمیشن تشکیل دیا گیا ہے جس کا کام درج شکایت کی جانچ پڑتال کے بعد متعلقہ سرکاری اِدارے کو خدمات مہیا کرنے کا پابند بنانا یا ذمہ دار اہلکار کی کوتاہی ثابت ہونے پر -/25,000 روپے تک جرمانہ عائد کرنا ہے۔ جائے اپیل/مجاز حکام یا ذمہ دار اہلکار کو خدمات کی فراہمی میں تاخیر یا تعطلی کی صورت میں عائد جرمانے کا کچھ حصہ بطورِ معاوضہ اِزالہ شکایت اپیل کنندہ کو دیا جاسکتا ہے۔
خیبر پختونخواہ خدمات تک رسائی کے قانون 2014 کے تحت عوام کو مندرجہ ذیل خدمات کی باسہولت فراہمی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ مقررہ مدت میں مطلوبہ سرکاری خدمات کے حصول کیلئے متعلقہ سرکاری اہلکار سے رجوع کریں۔ خدمات مقررہ مدت میں فراہم نہ ہونے کی صورت میں مذکورہ متعلقہ مجاز حکام کے پاس اپیل کر سکتے ہیں۔ مزید رہنمائی و معاونت کیلئے ہر ضلع میں تعینات آر ٹی ایس کمیشن کے مانیٹرنگ افسر سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

نام	مقام ڈیوٹی	رابطہ نمبر	نام	مقام ڈیوٹی	رابطہ نمبر
سردار عدنان خان	ڈی سی آفس ایبٹ آباد	0333-5023151/0992-335150	منصور احمد خان	ڈی سی آفس، مردان	0343-9029962/0937-864922
مصباح اللہ	ڈی سی آفس، بنوں	0336-1920823	خلیل احمد	ڈی سی آفس، بٹگرام، ایبٹ آباد	0321-9005054
محمد سعد جاوید	ڈی سی آفس، D.I.KHAN، ٹانک	0343-1991200	ثابت خان	ڈی سی آفس، تو گھار	0300-2651188
ضیاء اللہ	ڈی سی آفس لکی مروت	0332-7237779	محمد آصف جان	ڈی سی آفس، نوشہرہ	0344-3708099/0923-561056
ساجد علی	ڈی سی آفس، مالاکنڈ	0345-9232562	فضل امین	ڈی سی آفس، کوہاٹ	0300-9366845/0922514871
عثمان غنی	ڈی سی آفس، مانسہرہ، کوہستان	0302-5610901	شہباز خان	پبلک سروس سینٹر ضلع کچہری مردان	0313-9898981/0937-9230724
محمد اشفاق	ڈی سی آفس، پشاور	0345-9103799	شوکت علی	ڈی سی آفس، چترال	0331-9394537
محمد الیاس	ڈی سی آفس، سوات	0333-9502388	صمد خان خٹک	ڈی سی آفس، کرک	0333-9125504
سمیرا گل	ڈی سی آفس، ہری پور	0995-613349	حضرت ولی	ڈی سی آفس، بونیر	0301-8885109/0939-510711
حمزہ کمال	ڈی سی آفس، چارسدہ	0334-9551587/0916513318	اسمٰعیل خٹک	ڈی سی آفس، چارسدہ	0301-8838000
ہاد خان	ڈی سی آفس، شانگلہ	0320-9122420/0996-850092	نور حسن	ڈی سی آفس، لوئر، اپر دیر	0343-9996171
عبدالماجد	ڈی سی آفس، صوابی	0312-9810003/0938-224349			

☆ آپ مزید معلومات کیلئے اور شکایت درج کرانے کے لئے خیبر پختونخواہ حقِ حصولِ خدمات کمیشن کی ای میل chiefrts@hotmail.com اور فون نمبر 091-9210320، فیکس نمبر 9210198 پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

مئی 2015
اِس اشاعتی یا بصری (یا دیگر مواد) کی تیاری ادارہ ریاستہائے متحدہ امریکہ برائے بین الاقوامی ترقی کے زریعے امریکی عوام کے تعاون سے ممکن بنائی گئی ہے۔ تاہم اس کے مندرجات کی ذمہ داری کلی طور سینٹر فار گورننس اینڈ پبلک اکاؤنٹیبلٹی CGPA کے سر ہے اور ضروری نہیں کہ ادارہ ریاستہائے متحدہ امریکہ برائے بین الاقوامی یا امریکی حکومت اس میں پیش کیئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

www.c-gpa.org